**01.05.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ ارجمند علی خان

**Music**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کیلئے عالمی تخلیقی صلاحیت کی قیادت کرنے کا یہ موزوں لمحہ ہے۔ وزیرِ اعظم نے ممبئی میں پہلی عالمی آڈیو ویژوول تفریحی سربراہ کانفرنس WAVES کا افتتاح کیا۔

☆ جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ WAVES محض ایک مخفف نہیں بلکہ ثقافت،تخلیق اور عالمی رابطے کی ایک لہر ہے۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے امریکی وزیرِ خارجہ Marco Rubio سے فون پر پہلگام دہشت گردانہ حملے کے معاملے پر بات کی اور اِس کیلئے ذمہ دار عناصر کو قانون کی گرفت میں لئے جانے کا عہد کیا۔

☆ پاکستان نے کنٹرول لائن پر لگاتار ساتویں دن جنگ بندی کی خلاف ورزی کی اور بھارت نے اِس کا معقول انداز سے جواب دیا۔

☆ تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے کہا ہے کہ ذات پر مبنی مردم شماری سے سماجی انصاف کے تئیں NDA سرکار کے عہد کی عکاسی ہوتی ہے۔

☆ اور IPL کرکٹ میں، آج شام جے پور میں راجستھان رائلز کا مقابلہ ممبئی انڈینس سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-WAVES**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج ممبئی میں Jio ورلڈ کنونشن سینٹر میں پہلی عالمی آڈیو ویژوول تفریحی سربراہ کانفرنس WAVES 2025 کا افتتاح کیا۔ اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ WAVES محض ایک مخفف نہیں بلکہ یہ ثقافت ، تخلیق اور عالمی سطح پر رابطے کی ایک wave یعنی ایک لہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک ایسا عالمی پلیٹ فارم ہے، جس سے فن کاروں اور تخلیق کاروں کے نئے خیالات کو بڑھاوا ملے گا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ WAVES عالمی سطح پر توجہ راغب کررہا ہے کیونکہ 100 سے زیادہ ملکوں کے فنکار ، اختراعی کام کرنے والے ، سرمایہ کار اور پالیسی ساز یکجا ہوئے ہیں۔

جناب مودی نے WAVES بازار پہل کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ اِس سے اختراع کاروں اور تخلیق کاروں کی حوصلہ افزائی ہوگی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ WAVES سربراہ کانفرنس سے عالمی پلیٹ فارم پر بھارت کی تخلیقی قوت اجاگر ہوئی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ آج بھارت فلموں کی تیاری ، ڈیجیٹل Content ، گیمنگ ، فیشن ، موسیقی اور براہ راست پروگراموں کیلئے ایک عالمی مرکز کے طور پر ابھر رہا ہے۔ وزیر اعظم نے یہ بھی کہا کہ ملک تیسری سب سے بڑی معیشت بننے کی سمت گامزن ہے۔

## VAISHNAW WAVE SUMMIT

اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ WAVES سمِٹ سے نئے اقتصادی مواقع پیدا ہوں گے۔ آج ممبئی میں Jio ورلڈ کنونشن سینٹر میں پہلی عالمی آڈیو ویژوول تفریحی سربراہ کانفرنس WAVES کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے، جناب ویشنو نے کہا کہ اِس سربراہ کانفرنس سے تخلیق کاروں کو ایک عالمی پلیٹ فارم دستیاب ہوگا اور انہیں نئی ٹیکنالوجی سے روشناس ہونے کا موقع ملے گا۔

اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے، مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس نے کہا کہ بھارت میڈیا اور تفریحی شعبے میں دنیا میں قائدانہ رول ادا کرنے کیلئے تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ تفریحی شعبے کی معیشت بھارت اور مہاراشٹر کیلئے ترقی کا ایک نیا انجن ہے۔

## PM-KERALA

وزیر اعظم نریندر مودی دو دن کے دورے پر آج شام کیرالہ پہنچیں گے۔ اپنے دورے کے دوران جناب مودی بھارت کی پہلی، Semi-automated بندرگاہ Vizhinjam انٹرنیشنل پورٹ کا رسمی طور پر افتتاح کریں گے۔ بھارت کی پہلی گہرے سمندر کی ٹرانس شپمنٹ بندرگاہ بھارت کی بندرگاہوں کی تاریخ میں ایک غیر معمولی موقع ہوگا، جس سے کیرالہ عالمی بحری نقشہ میں شامل ہوجائے گا۔ Vizhinjam بندرگاہ کی افتتاح کی تقریب کل صبح ہوگی۔ وزیراعظم بندرگاہ کے کام کاج سے متعلق عمارت کا دورہ کریں گے اور کنٹرول نظام کا معائنہ کریں گے۔×

## SHAH LABOUR DAY

آج دنیا بھر میں محنت کشوں کا بین الاقوامی دن منایا جارہا ہے۔ یہ دن کارکنوں کی دین کو تسلیم کرنے اور اُن کے حقوق کو بڑھاوا دینے کیلئے منایا جاتا ہے۔ اِسے یومِ مئی یا کارکنوں کے عالمی دن کے طور پر بھی جانا جاتا ہے۔ اِس موقع پر وزیر داخلہ امت شاہ نے ملک کے سبھی کارکنوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب امت شاہ نے کہا کہ جو

کارکن ایک ترقی یافتہ بھارت بنانے کے عزم کے ساتھ دن رات کام کرتے ہیں، وہ اپنی محنت اور لگن سے لوگوں کی زندگی سہل بنا رہے ہیں اور معیشت کو رفتار دے رہے ہیں۔ x

**JAISHANKAR RUBIO**

وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کل امریکہ کے وزیرِ خارجہ Marco Rubio سے فون پر بات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیرِ خارجہ نے کہا کہ اِس گفتگو کے دوران انہوں نے پہلگام دہشت گردانہ حملے پر بات کی۔ جناب جے شنکر نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کیلئے ذمہ دار عناصر، اِس کی پشت پناہی کرنے والوں اور سازش رچنے والوں کو قانون کی گرفت میں لئے جانے پر زور دیا۔ x

**LOC FIRING**

بھارتی فوج نے کل رات جموں و کشمیر میں کنٹرول لائن پر پاکستانی فوج کی جانب سے چھوٹے ہتھیاروں سے کی گئی فائرنگ کا موثر انداز سے جواب دیا۔ محکمۂ دفاع کے ذرائع کے مطابق پاکستانی فوج نے کپواڑہ، اُڑی اور اکھنور سیکٹر میں کنٹرول لائن سے متصل علاقوں میں بلا جواز فائرنگ کی۔ x

**INDIA-PAK AIR SPACE**

بھارت نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کے تناظر میں، پاکستان ایئر لائنز کیلئے اپنی فضائی حدود بند کردی ہیں۔ یہ پابندی اِس مہینے کی 23 تاریخ تک جاری رہے گی۔ شہری ہوابازی کی وزارت نے بتایا ہے کہ بھارتی فضائی حدود پاکستان میں رجسٹرڈ طیاروں، پاکستانی ایئرلائنز کے تحت چلنے والے ، ملکیت والے یا لیز پر دیئے گئے طیاروں کیلئے دستیاب نہیں ہوگی، جس میں فوجی طیارے بھی شامل ہیں۔ پاکستان ایئرلائنز پر بھارتی فضائی حدود استعمال کرنے پر پابندی سے متعلق نوٹس جاری کیا گیا ہے۔

**BJP-CASTE CENSUS**

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے کہا ہے کہ ذات پر مبنی مردم شماری کرانے کے فیصلے سے NDA حکومت کے سماجی انصاف کے عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔ آج نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے جناب پردھان نے کہا کہ یہ فیصلہ اچانک نہیں کیا گیا ہے، بلکہ اس سے حکومت کے ہر پہلو پر غور وخوض کرنے کے طریقہ کار کا اظہار ہوتا ہے۔

جناب پردھان نے اس بات پر بھی زور دیا کہ سماجی انصاف کے BJP کے عزم کیلئے اسے کانگریس سے کسی سرٹیفکٹ کی ضرورت نہیں ہے۔x

**MAHARASHTRA DAY**

آج مہاراشٹر اور گجرات کا یومِ تاسیس منایا جارہا ہے۔ اِس موقع پر صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ اور وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اِن دونوں ریاستوں کے لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر صدرِ جمہوریہ نے چھترپتی شیواجی مہاراج کی سرزمین کے طور پر مہاراشٹر کی ستائش کی ہے، جو حب الوطنی اور اپنی دِلیری کیلئے جانے جاتے ہیں۔ محترمہ دروپدی مرمو نے گجرات کو مہاتما گاندھی اور سردار ولبھ بھائی پٹیل کا وطن قرار دیا اور عالمی سطح پر بھارت کی شہرت کے تئیں ریاست کے لوگوں کی خدمات ، اُن کی صلاحیت اور لگن کیلئے ، اُن کی ستائش کی۔

نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر گجرات کی لگاتار ترقی کیلئے پراتھنا کی اور سماجی اصلاحات، شاندار ثقافت اور معاشی ترقی کی مہاراشٹر کی وراثت کو سراہا۔ اِدھر وزیرِ اعظم نریندر مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر گجرات کی ثقافت ، کاروباری صلاحیت اور کامیابیوں کو اجاگر کیا۔ جناب مودی نے مہاراشٹر کو ملک کی ترقی اور روایات کا ایک ستون قرار دے کر ریاست کی شاندار تاریخ اور دِلیری کو سراہا۔x

**RAMAKRISHNA**

آج راما کرشنا مشن کا یومِ تاسیس ہے۔ سوامی وویکانند نے آج کے ہی دن 1897 میں شمالی کولکاتہ میں Balaram Basu کی رہائش گاہ پر راما کرشنا مشن قائم کیا تھا۔ Balaram Basu راما کرشنا تحریک کی ممتاز شخصیت ٹھاکر راما کرشنا کے پیرو کار تھے۔ x

**NIA-COURT RANA**

دلّی کی ایک عدالت نے قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA کو 26/11 ممبئی حملوں کے ملزم تہور حسین رانا کی آواز ریکارڈ کرنے اور تحریر کے نمونے لینے کے اجازت دے دی ہے۔ مرکزی جانچ ایجنسی کی جانب سے داخل کردہ ایک درخواست پر NIA کے خصوصی جج چندرجیت سنگھ نے یہ حکم دیا ہے۔ پیر کے روز رانا کی تحویل میں 12 دن کی توسیع کرنے کے جج کے، اس سے پہلے کے فیصلے کے بعد یہ حکم سامنے آیا ہے۔ رانا کی 18 دن کی تحویل کی مدت ختم ہوگئی تھی۔x

**PIYUSH GOYAL-NORWAY**

کامرس اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے ناروے کا اپنا دورہ مکمل کرلیا ہے، جو 25 برس میں بھارت کے کامرس کے وزیر کا پہلا دورہ تھا۔ اپنے دورے کے دوران جناب گوئل نے ناروے کی تجارت وصنعت کی وزیر Cecilie Myrseth سے ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں نے، خاص طور سے حال ہی میں دستخط ہوئے بھارت- یورپی آزاد تجارتی انجمن کے تناظر میں

تجارتی تعلقات میں اضافہ کرنے پر تبادلہ خیال کیا۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب گوئل نے اپنے دورے کو انتہائی سود مند قرار دیا اور ناروے کی سیاسی اور کاروباری قیادت کے ساتھ اپنے رابطے کے سلسلے میں اس اعتماد کا اظہار کیا، اس سے بھارت-ناروے تعلقات میں اعتماد اور ترقی کے نئے دور کا آغاز ہوگا۔×

**MARKET CLOSED**

مہاراشٹر کے یومِ تاسیس کی وجہ سے آج ملک کے شیئربازار بند ہیں۔ نیشنل اسٹاک ایکسچینج اور بامبے اسٹاک ایکسچینج آج اسٹاک ، Derivative یا تمسکات کے لین دین سمیت کسی طرح کا کاروبار نہیں کررہے ہیں۔ x

**INDIA-GAZA**

بھارت نے غزہ لڑائی کے سبھی فریقوں کے ساتھ ملکر کام کرنے سے متعلق اپنے عزم کا اعادہ کیا ہے، تاکہ خطے میں قیام امن میں تعاون کیا جاسکے۔

کل سکیورٹی کاؤنسل میں فلسطین کے معاملے پر ایک مباحثے کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے، بھارت کے مستقل نمائندے پی ہریش نے فوری طور پر جنگ بندی نافذ کرنے اور یرغمال بنائے گئے افراد کی محفوظ رہائی پر زور دیا۔ انہوں نے اس بات کو نمایاں کیا کہ بھارت، اُن چند ممالک میں سے ایک ہے، جن کے اسرائیل اور فلسطین دونوں کے ساتھ کھلے اور براہ راست تعلقات ہیں اور اس کی وجہ سے وہ قیام امن کی کوششوں میں ایک منفرد اور بنیادی کردار ادا کرسکتا ہے۔×

**IPL-CRICKET**

IPL کرکٹ میں آج جے پور کے سَوائی مان سنگھ اسٹیڈیم میں راجستھان رائلز کا مقابلہ ممبئی انڈینس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ ایک بار پھر سب کی نگاہیں 14 سالہ کھلاڑی Vaibhav سوریہ وَنشی پر ہوں گی، جنہوں نے گذشتہ میچ میں صرف 35 گیندوں پر سینچری بناکر کرکٹ شائقین کو حیرت میں ڈال دیا تھا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆